© rasailojaraid.com



# خبرنامہ

ادارہ

## ادارہ علوم القرآن کے زیر اہتمام ''خاندانی نظام اور قرآنی تعلیمات'' کے موضوع پر دو روزہ سیمینار کا انعقاد:

الحمد للہ ادارہ علوم القرآن کا تیسرا سالانہ سیمینار ''خاندانی نظام اور قرآنی تعلیمات'' کے موضوع پر ۲۰/۲۱ نومبر ۲۰۰۹ء کو روایتی اہتمام کے ساتھ منعقد ہوا۔ اس سیمینار میں علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے علاوہ مدرسۃ الاصلاح سرائے میر، جامعۃ الفلاح بلریا گنج، جامعہ اسلامیہ شانتا پورم کیرالہ، مرکز جماعت اسلامی ہند، نئی دہلی، لکھنؤ یونیورسٹی لکھنؤ، ادارہ تحقیق و تصنیف اسلامی، علی گڑھ اور اسلامی اکیڈمی علی گڑھ کی بھرپور نمائندگی رہی۔ ڈاکٹر عرفان احمد خاں صاحب شکاگو سے محض سیمینار میں شرکت کی غرض سے علی گڑھ تشریف لائے اور شرکاء کو استفادہ کا موقع عنایت کیا اور ڈاکٹر محی الدین غازی بھی محض قرآن کی محبت میں دبئی سے تشریف لائے اور گراں قدر مقالہ پیش کیا۔ جب کہ حیدرآباد سے چار افراد پر مشتمل شائقینِ قرآن کا ایک وفد محض استفادہ کی غرض سے شریک ہوا۔

اس کے افتتاحی اجلاس کی صدارت پروفیسر محمد عبدالحق انصاری نے فرمائی جب کہ کلیدی خطبہ مولانا سید جلال الدین عمری امیر جماعت اسلامی ہند نے پیش کیا اور پروفیسر محمد نجات اللہ صدیقی نے مہمان خصوصی کی حیثیت سے خطاب کیا۔ نظامت کے فرائض کنوینر سیمینار ڈاکٹر ابوسفیان اصلاحی نے انجام دیے۔ اس اجلاس میں ۲۰۰۸ء میں منعقدہ سیمینار کے مجموعہ مقالات ''عصر حاضر کے مسائل اور قرآنی تعلیمات'' کا اجرا پروفیسر ریاض الرحمٰن شیروانی کے ہاتھوں عمل میں آیا، جو ششماہی علوم القرآن کی خصوصی اشاعت کے طور پر شائع کیا گیا ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اس سیمینار کے لیے تیاری کے طور پر اس روایت کو مزید مستحکم کرنے کی کوشش کی گئی کہ تمام مقالہ نگاران اپنے مقالات وقت مقررہ پر جمع کرادیں تاکہ دوران سیمینار بحث ومباحثہ کے لیے مجموعہ مقالات شرکاء کی خدمت میں پیش کیا جاسکے، یہ مشکل مرحلہ کسی نہ کسی طرح حل ہوا اور سیمینار کے دوران مجموعۂ مقالات مقالہ نگار حضرات کی خدمت میں پیش کیا گیا اور حاضرین کے درمیان مقالات کی کاپیاں بھی تقسیم کی گئیں۔

سیمینار کے ہر اجلاس میں سامعین کی بڑی تعداد شریک رہی، موضوع کی مناسبت سے خواتین نے اس میں بہت دلچسپی کا مظاہرہ کیا اور ہر اجلاس میں کثیر تعدد میں شریک رہیں۔ اس کا ایک امتیاز یہ بھی رہا کہ ہر مقالہ پر کھل کر بحث ومباحثہ ہوا، مرد وخواتین سب نے بھرپور حصہ لیا، اس طرح سیمینار میں بحث ومباحثہ کی روایت مزید مضبوط ہوئی۔ سیمینار کے مختلف اجلاسوں کی تفصیلات ذیل میں درج کی جارہی ہیں۔

## افتتاحی اجلاس

۲۰ رنومبر، وقت: ۳۰-۹ بجے صبح تا ۰۰-۱۲ دوپہر

صدارت: ڈاکٹر محمد عبدالحق انصاری — نظامت: ڈاکٹر ابوسفیان اصلاحی

| | | |
|---|---|---|
| مہمان خصوصی | : | پروفیسر محمد نجات اللہ صدیقی |
| تلاوت قرآن کریم | : | قاری نیر عالم |
| استقبالیہ | : | پروفیسر اشتیاق احمد ظلی |
| افتتاحی کلمات | : | پروفیسر عبدالعظیم اصلاحی |
| تعارفی کلمات | : | پروفیسر ظفرالاسلام اصلاحی |
| کلیدی خطبہ | : | مولانا سید جلال الدین عمری |

اجراء ''عصر حاضر کے مسائل اور قرآنی تعلیمات'' بدست پروفیسر ریاض الرحمٰن شیروانی

(خصوصی شمارہ علوم القرآن)

| | | |
|---|---|---|
| رپورٹ وتقسیم انعامات مقالہ نویسی ۲۰۰۹ء | : | مولانا اشہد رفیق ندوی |
| کلمات تشکر | : | مولانا اشہد رفیق ندوی |

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


## دوسرا اجلاس

۲۰ر نومبر - وقت: ۱۵-۴ بجے تا ۳۰-۵ شام

صدارت: پروفیسر عبدالعظیم اصلاحی — نظامت: ڈاکٹر محمد راشد اصلاحی

| | | |
|---|---|---|
| پروفیسر محمد سعود عالم قاسمی | : | اولاد کی تربیت قرآن کی روشنی میں |
| پروفیسر کنور محمد یوسف امین | : | پر مسرّت اور ثمر آور خاندانی زندگی میں وَقَرْنَ فِی بُیُوتِکُنَّ کا کردار |
| جناب زبیر عالم اصلاحی | : | دختر کشی کا بڑھتا ہوا رجحان اور اس کے انسداد کی تدابیر |

## تیسرا اجلاس

۲۰ر نومبر - وقت: ۰۰-۶ بجے تا ۳۰-۸ بجے شب

صدارت: پروفیسر سید مسعود احمد — نظامت: ڈاکٹر صفدر سلطان اصلاحی

| | | |
|---|---|---|
| پروفیسر عبدالعظیم اصلاحی | : | صلہ رحمی اور خاندان کی شیرازہ بندی |
| مولانا محمد عمر اسلم اصلاحی | : | خاندان کے عناصر ثلاثہ - حقوق و فرائض |
| ڈاکٹر عبیداللہ فہد فلاحی | : | قرآن کا تصور حجاب (علامہ ناصر الدین البانیؒ کے افکار کا مطالعہ) |
| ڈاکٹر ابوسفیان اصلاحی | : | چہرے کا پردہ قرآن و حدیث کی روشنی میں |
| ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی | : | گھریلو تشدد عصری قوانین اور اسلامی تعلیمات |
| ڈاکٹر توقیر عالم فلاحی | : | قرآن کریم اور تربیت اولاد |

## چوتھا اجلاس

۲۱ر نومبر - وقت: ۰۰-۹ بجے تا ۰۰-۱۱

صدارت: ڈاکٹر محمد عنایت اللہ اسد سبحانی — نظامت: مولانا نسیم ظہیر اصلاحی

| | | |
|---|---|---|
| ڈاکٹر عرفان احمد خاں | : | مرد کی قوامیت - مفہوم اور ذمہ داریاں |
| ڈاکٹر صفدر سلطان اصلاحی | : | خاندان کی اصلاح اور احکام سے متعلق ہدایات |
| مولانا اشہد رفیق ندوی | : | خاندان کی تعمیر و تشکیل میں والدین کا کردار |

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## پانچواں اجلاس

۲۱/نومبر - وقت: ۱۵-۱۱ بجے تا ۰۰-۱ بجے دوپہر

صدارت: ڈاکٹر عرفان احمد خاں — نظامت: ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی

پروفیسر محمد یٰسین مظہر صدیقی : عہد نبوی کا خاندانی نظا -علیماتِ قرآن کا مظہر

ڈاکٹر محمد عنایت اللہ اسد سبحانی : نکاح وطلاق کا قرآنی نظام

مولانا نسیم ظہیر اصلاحی : عدل بین الازواج (لن تستطیعوا ان تعدلوا بین النساء) کی روشنی میں

ڈاکٹر محی الدین غازی : احسان بالوالدین کا مفہوم

ڈاکٹر محمد راشد اصلاحی : زوجین کے حقوق قرآن کریم کی روشنی میں

مولانا نظام الدین اصلاحی : اولاد کے حقوق

## اختتامی اجلاس

۲۱/نومبر - وقت: ۰۰-۳ بجے تا ۰۰-۴

صدارت: مولانا محمد عمر اسلم اصلاحی — نظامت: جناب نسیم احمد خاں

تأثرات : ڈاکٹر محمد عبدالحق انصاری

: ڈاکٹر عرفان احمد خاں

: ڈاکٹر عبدالقیوم

: محترمہ یاسمین زیدی

: ڈاکٹر محی الدین غازی

: ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی

: جناب امجد علی

کلمات تشکر : پروفیسر اشتیاق احمد ظلی

© rasailojaraid.com